**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 29, 2019

## ایس ای سی پی کی مکمل ڈیجیٹل ٹرانفرمیشن، لیپ پراجیکٹ شروع کر دیا گیا

اسلام آباد(29 مئی) سکیورٹیز اینڈ ایس چینج کمیشن آف پاکستان کی چیئر مین فرخ سبز واری نے کہا ہے کہ ایس ای سی پی کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کا عمل شروع کیا جارہا ہے جس کے تحت ادارے کے تمام ریگولیٹری تقاضوں، ضابطوں اور تمام تر داخلی طریق کار کو ڈیجیٹل کر دیا جائے گا جس سے صارفین کو ایک مکمل شفاف، مستعد اور سہل ریگولیٹری انوائرمنٹ میسر آئے گا۔

ایس ای سی پی کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کی منصوبے کو نام لیپ (LEAP) کا نام دیا گیا ہے یعنی ٹیکنالوجی کی طاقت سے ستعدی سے آگے بڑھنا۔ فرخ سبز واری نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سے ایس ای سی پی کی کارکردگی بہتر ہو گی، مستعدی اور شفافیت آئے گی اور صارفین کو سہل اور تیز تر خدمات کی فراہمی ممکن ہو گی۔ وہ ایس ایس سی پی کی ڈیجیٹل ٹرانسفرمیشن کے موضوع پر ایس ای سی پی اور سیپ کے تعاون سے منعقد کی گئی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے تھے۔ ورکشاپ ایس ای سی پی کی ڈیجیٹل ٹرانسفرمیشن کے حوالے سے ممکنہ چیلنجز، اور مواقع کا احاطہ کرنا، مختلف آئیڈیاز اکٹھے کرنا اور اس حوالے سے اسٹیک ہولڈروں کی رائے لینے کے لئے منعقد کی گئی۔

فرخ سبز واری نے کہا کہ ادارے کی ڈیجیٹل ٹرانفرمیشن اب ایک عوامی تقاضا ہے۔ آج کا شہری پبلک سیکٹر سے بھی ایسی ہی مستعدی کی توقع کرتا ہے کہ جیسی کہ تیز تر اور فوری سہولت اسے نجی شعبے سے دستیاب ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سے عوام کا سرکاری اداروں پر اعتماد بڑھے گا اور شہری مزید اچھے طریق سے قومی ترقی میں کردار ادا کر سکیں گے۔

انہوں نے کہا کہ ایس ایس ی پی تمام دیگر اسٹیک ہولڈروں کے ساتھ ملکر پاکستان کا بزنس لینڈ اسکیپ بہتر کرنے کے لئے کوشاں ہے اور کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ایس ای سی پی میں کمپنی رجسٹریشن کا عمل مکمل طور پر ڈیجیلائز کیا جا چکا ہے۔ ایس ای سی پی کی ای سروسز فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ، سندھ اور پنجاب کے ایکسائز اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ انٹی گریٹیڈ کی اج چکی ہے۔ اب صرف ایس ای سی پی کی ای سروسز کے ذریعے ان تمام اداروں کے ساتھ بھی رجسٹریشن کی جا سکتی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ڈیجیٹل ٹرانفرمیشن کی اس ورکشاپ میں شرکاء نے جدید دنیا میں رائج رجحانات، پاکستان کے مسائل اور ان کے حل کے لئے دستیاب مواقعوں پر تفصیل سے بحث کی اور مختلف آئیڈیاز بھی زیر موضوع آئے۔ ورکشاپ میں کاروباری برادری، سرکاری اداروں، انفرمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین اور ایس ای سی پی کے افسران نے شرکت کی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005